سوال

(271) عورت کا نفل نماز میں امامت کروانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کہیں کسی گھر وغیرہ میں عورتوں کا اجتماع ہو، اور وہ فرض یا نفل تراویح وغیرہ باجماعت پڑھنا چاہیں تو کیا ان میں کی ایک اسی طرح آگے ہو کر نماز پڑھائے جیسے کہ مردوں کا امام کھڑا ہوتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کے لیے جائز ہے کہ وہ عورتوں کی جماعت کرائے، وہ انہیں فرض یا نفل تراویح وغیرہ پڑھا سکتی ہے۔ مگر امام عورت، مردوں کے امام کی طرح ان سے آگے نہیں کھڑی ہو سکتی بلکہ اسے پہلی صف کے درمیان کھڑا ہونا ہو گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 243

محدث فتویٰ